http://www.sgbauonline.com/

**AV–548**

# B.A.(Part–III) Examination
## URDU LITERATURE
## (Optional)
## (Literature of Modern Languages)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 100

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کن ہی دو اقتباسات کی تشریح مع سیاق وسباق کے کیجئے : 20

۱۔ '' یہ مسلّم ہے کہ قوت متخیلہ کی ترقی اور جذبات کی تربیت کا شعر سے بہتر کوئی ذریعہ نہیں اور یہ دونوں چیزیں انسانی زندگی میں اتنی اہمیت رکھتی ہیں کہ کوئی صحیح نظام تعلیم انھیں نظر انداز نہیں کرسکتا۔ نفسیات نے ہمیں بتایا ہے کہ قوت متخیلہ کی ترقی صرف شعرو شاعری ہی کے لئے ضروری نہیں ہے تمام ایجادات واختراعات اسی قوت کے کرشمے ہیں۔ ہر علم وفن کی ترقی بہت کچھ اسی قوت کی ترقی پر منحصر ہے۔ ہر تصنیف وتالیف اس قوت کی رہین منت ہے۔ معاشرت کے تمام کاروبار میں اس قوت کو دخل ہے اور انسان کو اپنی زندگی میں جو طرح طرح کے نئے نئے مواقع دن رات پیش آتے رہتے ہیں ان سے عہدہ برآ ہونا اس قوت کی دست گیری کے بغیر ممکن نہیں۔ ظاہر ہے کہ قوت متخیلہ کو ترقی دینا کس قدر ضروری ہے۔''

۲۔ '' بے شک غزل ہی ہماری شاعری کی وہ صنف ہے جس کی خصوصیتیں ہر نگاہ کو اپنی طرف کھینچتی ہیں، ہر دل میں گھر کرتی ہیں، ہر زبان کو لذت دیتی ہیں اور ہر محفل کو گرماتی ہیں۔ مقدار کے لحاظ سے بھی شاعری کی ہر صنف سے غزل کا پلّہ بھاری ہے مگر رباعیاں، قطعے، قصیدے، مثنویاں، واسوخت، سلام، مرثیے اور مسلسل نظمیں بھی کچھ کم نہیں ہیں بلکہ مجموعی حیثیت سے غزلوں سے کہیں زیادہ ہیں لیکن کوتاہ نظری کا بھلا ہو کہ اردو شاعری پر بحث کرتے وقت ان تمام صنفوں کا خیال دماغ کے کسی گوشے میں بھی موجود نہیں ہوتا اور مرثیوں کا تو گویا اردو شاعری میں شمار ہی نہیں۔''

۳۔ '' ہماری شاعری میں کچھ غیر ملکی بالخصوص ایرانی عناصر شامل ہوگئے ہیں جن کو دیکھ کر بعض جلد باز طبیعتیں کہہ بیٹھتی ہیں کہ اردو شاعری اس ملک میں ایک بدیسی چیز ہے اس میں ملکی خصوصیتیں نہیں پائی جاتیں اور یہ پتا نہیں لگتا کہ جن شاعروں کا یہ کلام ہے وہ ہندوستانی ہیں یا ایرانی، رائی کو پہاڑ بنانا اسی کو کہتے ہیں اردو شاعری کا پتلہ ہند کی خاک سے بنا اور نشو ونما بھی اسی سرزمین میں ہوئی اسی لئے گو وہ مدتوں فارسی شاعری کے نقشِ قدم پر چلتا رہا مگر اس کی طبیعت نہیں بدلی مزاج ہندوستانی ہی رہا۔ ذرا غزل پر نگاہ کیجئے زیادہ تر مجرد جذبات کی تصویریں ہیں جو وقت اور مقام کی قید سے دیکھئے آزاد ہیں لیکن جہاں کہیں ہندوستان اور ایران کے جذبات میں فرق ہے وہاں اردو شاعری اپنے وطن کا ساتھ دیتی ہے۔''



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbaonline.com/

20 سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو بند کی تشریح نظم کے حوالے کے ساتھ کیجئے :

۱۔ شمع محفل ہو کے تو جب سوز سے خالی رہا
تیرے پروانے بھی اس لذت سے بیگانے رہے
رشتۂ الفت میں جب ان کو پرو سکتا تھا تو
پھر پریشاں کیوں تری تسبیح کے دانے رہے
شوق بے پرواہ گیا فکر فلک پیما گیا
تیری محفل میں نہ دیوانے نہ فرزانے رہے
وہ جگر سوزی نہیں، وہ شعلہ آشامی نہیں
فائدہ پھر کیا جو گردِ شمع پروانے رہے
خیر تو ساقی سہی، لیکن پلائے گا کسے؟
اب نہ وہ میکش رہے باقی، نہ میخانے رہے؟

۲۔ ربط و ضبط ملت بیضا ہے مشرق کی نجات
ایشیاء والے ہیں اس نکتے سے اب تک بے خبر
پھر سیاست چھوڑ کر داخل حصارے دیں ہیں ہو
ملک و دولت ہے فقط حفظ حرم کا ایک ثمر
ایک ہو مسلم حرم کی پاسبانی کے لئے
نیل کے ساحل سے لے کر تابخاک کا شغر
جو کرے گا امتیاز رنگ و خوں مٹ جائے گا
ترک خرگاہی ہو یا اعرابی والا گوہر
نسل اگر مسلم کی مذہب پر مقدم ہوگئی
اڑ گیا دنیا سے مانند خاک رہ گذر

۳۔ سلسلۂ روز و شب ، نقش گر حادثات
سلسلۂ روز و شب ، اصل حیات و ممات
سلسلۂ روز و شب، تار حریر دو رنگ
جس سے بناتی ہے ذات اپنی قبائے صفات



http://www.sgbaonline.com/

سلسلۂ روز و شب ساز ازل کی فغاں
جس سے دکھاتی ہے ذات زیر و بم ممکنات
تجھ کو پرکھتا ہے یہ مجھ کو پرکھتا ہے یہ
سلسلۂ روز و شب ، صیرفی کائنات
تو ہو اگر کم عیار، میں ہو اگر کم عیار
موت ہے تیری برأت، موت ہے میری برأت

۴۔ زمانے کے انداز بدلے گئے
نیا راگ ہے ساز بدلے گئے
ہوا اس طرح فاش راز فرنگ
کہ حیرت میں ہے شیشہ باز فرنگ
پرانی سیاست گری خوار ہے
زمین میر و سلطان سے بیزار ہے
گیا دور سرمایہ داری گیا
تماشا دکھا کر مداری گیا
گراں خواب چینی سنبھلنے لگے
ہمالہ کے چشمے ابلنے لگے

سوال نمبر۳۔ کسی ایک سوال کا جواب ہماری شاعری کے حوالے سے تحریر کیجئے : 10

ا۔ شاعری میں جذبات کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

۲۔ شاعر صنعتوں سے کیا کام لیتا ہے؟

۳۔ ہماری شاعری میں 'ہجر و وصل' اس موضوع پر روشنی ڈالئے۔

**یا**

مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم پر اسکی شعری خصوصیات کے ساتھ تبصرہ کیجئے۔

ا۔ طلوع اسلام ۲۔ ساقی نامہ ۳۔ شعاع امید

http://www.sgbauonline.com/

سوال نمبر۴۔ مسعود حسن رضوی کی سوانح حیات اور ادبی خدمات بیان کیجئے۔ 20

یا

علامہ اقبالؔ کی سوانح حیات اور نظم نگاری کے حوالے سے ان کی شعری خدمات پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے : 20

۱۔ حالیؔ کی ادبی خدمات

۲۔ سرسید کی ادبی خدمات

۳۔ نظیر اکبرآبادی ایک عوامی شاعر

۴۔ غالب کی نثر نگاری

۵۔ پسندیدہ خاتون افسانہ نگار

سوال نمبر۶۔ ذیل میں سے صرف پانچ صنعتوں کی تعریف مع مثال کیجئے : 10

| | |
|---|---|
| ۱۔ حسن تعلیل | ۲۔ مبالغہ |
| ۳۔ تضاد | ۴۔ مرات النظیر |
| ۵۔ تشبیہ | ۶۔ استعارہ |
| ۷۔ ایہام | ۸۔ تلمیح |



http://www.sgbauonline.com/